© rasailojaraid.com



سرور کائنات کی مشاورت ملا واحدی حضور کی دلجوئی و دانش مندی مولانا عبد الستار سلام قاکی عہد رسالت کے تفریحی مشاغل طالب ہاشمی رسول اللہ کا سفر حج عبد التواب ظاہری جدید کتب سیرت ۲۰۰۰ تا ۲۰۰۷ حافظ محمد عارف گھانچی اور تعارف کتب سیرت

یہ مختصر اور کتابی سلسلہ عارف صاحب کی جستجو و محنت کا ثمرہ ہے۔

مقالات بغیر ایڈٹ کے شایع کیے گیے ہیں مناسب ہوتا قرآنی آیات و احادیث کو حوالہ جات کے ساتھ شایع کیا جاتا تو زیادہ مفید ہوتا۔

مدیر نے کتب سیرت کی جو فہرست فراہم کی ہے یہ بہت عمدہ کوشش ہے اس سے قبل بھی متعدد فہرستیں شایع ہو چکی ہیں لیکن یہ جدید ترین فہرست کہلائے جانے کی مستحق اور قابل قدر کوشش ہے البتہ کتاب کے ٹائٹل پر نگراں عزیز الرحمن کے نام کے ساتھ ڈاکٹر کا لفظ لکھا ہوا ہے نامعلوم کس احساس کے تحت موصوف مختلف مقالات و کتب پر ایک سال سے اپنے نام کے ساتھ یہ لفظ لکھ رہے تھیں حالانکہ انہیں ابھی ایک ماہ قبل ڈاکٹریٹ کی ڈگری ایوارڈ ہوئی ہے۔ یہ علمی بد دیانتی ہے اور قانون کی خلاف ورزی ہے جس کی اصلاح ہونی چاہئے بالخصوص خانقہیت کا ڈرامہ اسٹیج کرنے والوں کے لئے یہ خودنمائی لمحہ فکریہ ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| کتاب کا نام | : | افکار سعید |
| مصنف | : | ڈاکٹر محمد سعید |
| ناشر | : | شعبہ ادب و ثقافت طارق بن زیاد کالج شاہ فیصل کالونی ۷ ۔ ۲۰۰۶ |
| قیمت وصفحات | : | ۲۲۵ روپے ۱۹۴ صفحات |

یہ کتاب اسلام اور سائنس کے موضوع پر مفید کوشش ہے اس میں اسلامی موضوعات کو جدید اسلوب میں سمجھایا گیا ہے۔

کتاب کے اہم موضوعات میں برتھ کنٹرول کی ابتداء، کلوننگ، روح انسانی اعمال کی ریکارڈنگ کائنات کی ابتداء اتحاد امت، نظریہ ضرورت، معراج النبی کی مادی توجیہ ڈاکٹر صاحب کسی

© rasailojaraid.com